صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 13 ستمبر 2022ء بمطابق 16 صفر المظفر 1444 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب ڈپٹی سپیکر محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ

وَالۡعَصۡرِ ۙ o اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِیۡ خُسۡرٍ ۙ o اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ ۙ o وَتَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ۔

(ترجمہ): زمانے کی قسم۔ انسان در حقیقت بڑے خسارے میں ہے۔ سوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے، اور نیک اعمال کرتے رہے، اور ایک دوسرے کو حق کی نصیحت اور صبر کی تلقین کرتے رہے۔

وآخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: کوئسچنز آور: کوئسچن نمبر 15098، جناب خوشدل خان صاحب۔

* 15098 _ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیاوزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع، ٹانک، بنوں، کرک، ہنگو، دیر، کوہستان اور چترال کے ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی کمی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ اضلاع کے چھوٹے بڑے ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور دیگر عملہ کی کتنی آسامیاں کب سے خالی پڑی ہیں، اس کی تفصیل ضلع وار فراہم کی جائے؟

جناب تیمور سلیم خان (وزیر صحت و خزانہ): (الف) جی ہاں۔

(ب) اس سلسلے میں عرض ہے کہ مذکورہ اضلاع کے چھوٹے بڑے ہسپتالوں میں ڈاکٹر، نرسز اور پیرامیڈیکس کی خالی آسامیوں کی ضلع وار تفصیل درجہ ذیل ہے، مزید برآں ڈسٹرکٹ کوہستان اپر دیر میں پیرامیڈیکس کی مختلف کیٹیگریز کی خالی آسامیاں تشہیر کے لئے اخبار میں دے دی گئی ہیں اور جلد ہی ان آسامیوں کو پر کر دیا جائے گا۔

S. No	Districts	Doctors			Nurses			Paramedics		
		Total Posts	Filled	Vacant	Total Posts	Filled	Vacant	Total Posts	Filled	Vacant
1	Tank	120	50	70	47	25	22	206	138	68
2	Bannu	130	104	26	20	20	0	331	275	56
3	Karak	353	221	132	183	140	43	379	230	149
4	Hangu	154	90	64	72	42	30	187	160	27
5	Dir	681	401	65	456	348	108	1006	541	465
6	Kohistan	94	49	45	61	10	51	229	115	114
7	Chitral	247	119	128	143	142	1	404	371	33

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: سپیکر صاحب، ډیره مننه. زما کوئسچن دا دے "آیایہ درست ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع ٹانک، بنوں، کرک، ہنگو، دیر، کوہستان اور چترال کے ہسپتالوں میں ڈاکٹروں اور دیگر عملے کی کمی ہے؟ ڈیپارٹمنٹ نے مانا ہے کہ ہاں کمی ہے، اور پھر انہوں نے اس کے ساتھ ایک Performa لف کیا ہے اور اس میں انہوں نے لکھا ہے کہ کہاں پر پوسٹیں ہیں اور کس کس کیٹیگری میں پوسٹیں خالی ہیں، یہ صفحہ نمبر 2 پر آپ ملاحظہ فرمائیں۔ ٹانک میں یہ کہتے ہیں کہ ڈاکٹرز کی ٹوٹل ڈسٹرکٹ ٹانک میں، اور یہ جتنے بھی سب ضلعے ہیں، ڈسٹرکٹس ہیں، یہ سارے Backward ہیں، پسماندہ ہیں، اب ٹانک ضلع میں انہوں نے یہ Specification نہیں لکھی ہے، کس کس ڈسپنسری میں پوسٹس خالی ہیں، ہسپتال میں یا بی ایچ یو میں، آر ایچ سی میں یا ٹائپ ڈی ہسپتال، لیکن انہوں نے As a

total دی ہے کہ ضلع ٹانک میں ڈاکٹروں کی ٹوٹل جو پوسٹس ہیں، ایک سو بیس (120) ہیں، ان میں پچاس پر کام کر رہے ہیں، ڈاکٹرز، اور ان میں ستر (70)، آپ اندازہ لگائیں کہ ایک سو بیس (120) میں سے Fifty filled ہیں اور ستر (70) ڈاکٹروں کی ضرورت ہے۔ اسی طرح انہوں نے نرسز کے بارے میں ٹوٹل پوسٹس جو ہیں سینتالیس (47) ہیں، ان میں جو Filled ہیں وہ پچیس اور بائیس ان میں خالی پڑی ہوئی ہیں۔ پیرامیڈیکس میں اگر آپ ملاحظہ فرمائیں، Total posts two hundred and six ہیں، ان میں جو Filled ہیں وہ One hundred and thirty eight ہیں اور Sixty eight ہیں۔ اسی طرح تمام ضلعوں کا یہ حال ہے، تو میں تو صرف منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ کروں گا کہ چونکہ یہ ایسے بھی یہ اضلاع Backward بھی ہیں اور آج کل بیماریاں بھی زیادہ بڑھ چکی ہیں اور جب وہاں پر اب ڈاکٹرز نہیں ہیں، پھر ڈاکٹروں کے علاوہ وہاں نرسز نہیں ہیں، پیرامیڈیکس نہیں ہیں تو کس طرح یہ ہسپتالیں چلاتے رہیں گے، اور لوگوں کو کس طرح آپ Medical facilities provide کریں گے؟ تو میری یہ ریکویسٹ ہو گی منسٹر صاحب سے، Press کرنا نہیں چاہتا ہوں کہ وہ کم از کم ان کو یہ، کیونکہ اب آپ دیکھیں کہ ڈاکٹرز زیادہ تر Jobless بھی ہیں، یہاں بیروزگار پھر رہے ہیں، نرسز کا بھی یہ حال ہے، پیرامیڈیکس کا بھی یہی حال، تو اگر آپ اس پہ ایڈورٹائزمنٹ کر لیں، کیونکہ یہ Sanctioned posts ہیں، یہ کرنٹ بجٹ میں آتی رہتی ہیں، یہ نئی پوسٹس نہیں ہیں، یہ Strengthening مطلب ہے Already budget میں، تو اس میں آپ ایڈورٹائزمنٹ کر کے آپ Transparent manner میں اس کی سیلیکشن کر لیں تاکہ یہاں پر Fill ہو جائیں اور لوگوں کو سہولت فراہم کی جائے۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نگہت اورکزئی، سپلیمنٹری، ایک منٹ، سپلیمنٹری، نگہت اورکزئی۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: سپلیمنٹری جی، سپلیمنٹری ہے جناب سپیکر صاحب، میں سوال نمبر جو خوشدل خان صاحب نے کیا ہے، اس میں ضم شدہ اضلاع کیلئے بھی 481 نرسیں جو ہیں ان کی ایڈورٹائزمنٹ بہت زیادہ کوشش اور تگ و دو کے بعد ہوا تھا اور جس میں سے ابھی تک ایک سو سیٹیں خالی پڑی ہوئی ہیں، جس کی Waiting list بھی بنائی گئی ہے لیکن پچھلے دو مہینوں سے یہ Waiting list بنی ہوئی ہے تو جناب سپیکر صاحب، Waiting list پر امیدواران ان آرڈرز کے منتظر بیٹھے ہوئے ہیں لیکن محکمہ نے ان کو روکا ہوا ہے۔ مجھے سمجھ نہیں آتی جناب سپیکر صاحب، کہ اس Waiting list پہ

جوامیدوار ہیں، ان کے آرڈرز جلد از جلد کیوں نہیں ہوتے ہیں؟اور ان لوگوں کو، اور یہ میں چاہونگی کہ منسٹر صاحب Floor of the House مجھے یہ یقین دہانی کروائیں کہ یہ سو پوسٹیں جو ضم اضلاع کیلئے Waiting list میں ہیں توان کو کب تک کروائیں گے ؟اور یہ Surety مجھے دی جائے اور دوسرا جناب سپیکر صاحب، اسی کے متعلق کیونکہ صحت کے متعلق ہی سوال ہے کہ باہر جو Foreign office سے جو ڈاکٹرز آتے ہیں جناب سپیکر صاحب، ان کو یہاں پہ ہاؤس جاب نہیں ملتی ہے تو اس کے بارے میں بھی مجھے ذرا بتادیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، وہ، نہیں نہیں، شگفتہ ملک صاحبہ اور اس کے بعد Last supplementary.

محترمہ شگفتہ ملک: ډیره مننه جی۔ دا سوال جی ډیر زیات مهم دے او زه به دیکښې د هنګو حوالې سره خبره کوم۔ سپیکر صاحب، یو کال اوشو چې زه هنګو ته تلې وومه او هلته کښې لوکل زنانؤ چې ما ته کوم کمپلینټس کړی وو چې دلته دومره غټ هاسپیټل دے، "شهید فرید" نوم باندې چې کوم هنګو کښې هسپتال دے، تاسو یقین اوکړئ چې د ایم ایس نه علاوه هلته کښې د ډاکټرانو حوالې سره زه تاسو ته خبره کوم چې هلته ما ته زنانؤ ما ته دا خبره کوله چې دلته ماشومانو د پاره یا زنانؤ د پاره مسئلې راشی نو دلته ورته وائی چې مونږ سره ډاکټران نشته، تاسو پیښور ته لاړشئ یا ورته وائی چې تاسو ئے پرائیویټ ته ریفر کړئ۔ اوس دا اوګورئ جی چې دا اربونو روپو باندې جوړ دے، زه تاسو ته جی لږ په دې ځکه خبره کوم دا سټینډنګ کمیټئ ته تلے دے دا کال اټنشن، سټینډنګ کمیټئ کښې یو کال اوشو جی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نه جی، تاسو به خبره نه کوئ، تاسو صرف خپل کوئسچن اوکړئ، سپیچ به نه کوئ جی، تاسو خپل سوال اوکړئ جی۔

محترمہ شگفتہ ملک: زه تاسو ته صرف دا وایم چې منسټر صاحب، ګورئ جی، منسټر صاحب دې دا خبره اوکړی چې په هنګو کښې اوسه پورې ډاکټران چې دی، یو کال اوشو۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ټھیک ده جی۔

محترمہ شگفتہ ملک: هغه اوسه پورې کميټئ کښې دے او په هغې نه ډاکټران تلې دي نه ګائنی څوک شته، نه ټيکنيشن شته، نو دا ولې سيريس نه اخلی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ده جی۔ میاں نثار گل صاحب، Last Supplementary، ختم ہو گئے ہیں جی، تین سپلیمنٹری ہو گئے ہیں۔ جی میاں نثار گل صاحب کا مائیک On کریں۔

میاں نثار گل: شکریہ، جناب سپیکر۔ سپیکر صاحب، تین نمبر سیریل میں اگر آپ کرک کو دیکھ لیں، اس میں ٹوٹل پوسٹیں ہیں 353 اور ڈاکٹرز کی 132 پوسٹیں Vacant ہیں، اور اس کے ساتھ نرسز کی اگر آپ ٹوٹل دیکھ لیں، ایک سو تریاسی (183)، اس میں نرسز کی Vacant پوسٹیں 43 ہیں اور پیرامیڈیکس سٹاف میں 149 پوسٹیں خالی پڑی ہیں، جناب منسٹر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، میرے خیال میں ڈاکٹرز اس احتجاج میں بھی روزانہ آتے ہیں کہ ہمیں نوکریاں دی جائیں اور آپ یہ دیکھ لیں کہ پورے اضلاع جن میں ہنگو بھی ہے، کرک بھی ہے، ٹانک بھی ہے، تو منسٹر صاحب سے ریکویسٹ کرتے ہیں کہ آپ کی تو پالیسی یہ ہے کہ صحت کارڈ آپ نے شروع کیا ہے اور ہیلتھ ریفارمز بھی آپ دے رہے ہیں لیکن جب آپ کے ہسپتال ڈاکٹرز سے خالی پڑے ہوں تو لوگوں کا کس طرح علاج ہو گا؟ برائے مہربانی جس طرح بھی ہو، ان پوسٹوں پر نئے ڈاکٹرز بھی بھرتی کرنے ہیں، یہاں آپ ایک پالیسی ابھی لائے تھے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ، ہم اس کو سپورٹ کرتے ہیں لیکن کم از کم اس میں پھر ہسپتالوں میں جو تکالیف ہیں لوگوں کی، ان کو ختم ہونا چاہیئے۔ یہ خوشدل خان نے جو سوال کیا ہے، یہ بڑا Sensitive سوال ہے اور آپ نے میرے خیال میں اس کا صحیح جواب دینا ہو گا کہ کم از کم یہ سوال ایسا نہ ہو کہ اس طرح ہو جائے یا اس کو کمیٹی میں بھجوادیں، کیونکہ پورے ہسپتال ڈاکٹروں کے بغیر چل رہے ہیں، تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے جی۔ تیمور سلیم جھگڑا صاحب، تیمور صاحب۔

جناب تیمور سلیم خان (وزیر صحت و خزانہ): سپیکر صاحب، یہ واقعی سنجیدہ سوال ہے اور سنجیدہ طریقے سے کیا گیا، تو میرے خیال میں یہ ایک اسی طرح سنجیدہ سیریس جواب Merit کرتا ہے، یہ واقعی سچ ہے کہ ہماری Peripheries میں آسانی سے ڈاکٹرز نہیں جاتے، اس کی وجہ وہی ہے کہ وہ ہمارا جو روایتی سسٹم ہے اس کی کچھ Limitations ہیں، زیادہ پیدائش جو ہے سٹاف کی، وہ بڑے اربن سنٹرز میں ہوتی ہے، KP میں پشاور میں ہوتی ہے، وہ لوگ پشاور سے باہر، بلکہ پشاور کے ضلع کے اندر دور دراز علاقوں میں نہیں جانا چاہتے۔ خوشدل خان صاحب کا جو علاقہ ہے، میں یہاں سے کوئی بھیجوں تو وہ تین ہفتے میں

سفارش آجاتی ہے کہ وہ حیات آباد میں کام کرنا چاہتا ہے، یہ تو ایک ٹریڈیشنل چیلنج رہا ہے، ہم نے کسی حد تک یہ Solve کیا ہے لیکن ہمیں یہ Solve کرنا ہے Permanently، تو میں اس لئے اس کے لئے اس پہ چار پانچ منٹ مانگوں گا کہ اس پہ ہمیں ساری اسمبلی کی سپورٹ چاہیئے کیونکہ جو جو چیزیں In process ہیں وہ میرے خیال میں اس کو حل کر دیں گی۔ نمبر ایک، پوسٹنگز ٹرانسفرز کا سسٹم، کوشش کر رہے ہیں کہ زیادہ شفاف بنائیں کیونکہ ایک نیچرل ڈیمانڈ ہے لوگوں کے پشاور آنے کا، جو E-Transfer System بنایا ہوا ہے تو جو لوگ پشاور سے باہر جانا چاہتے ہیں، ان کی ٹرانسفر یکدم سے پراسیس ہو جاتی ہے، ایسے لوگ ہوتے ہیں، اچھا، دوسری چیز جو ہے، وہ یہ ہے کہ جیسے فاٹا کے کچھ اضلاع ہیں، وہاں پہ سٹاف ملتا نہیں، پیرامیڈیکس سٹاف مل جاتا ہے، پیرامیڈیکس سٹاف کی کمی پورے صوبے میں کم ہے، زیادہ تر جب میں نے سب سے Backward اضلاع میں بھی دیکھا ہے، پیرامیڈیکس سٹاف جو ہے وہ Ninety percent plus بھرتی ہوا ہوتا ہے، ایشو ہوتا ہے ڈاکٹرز نرسز کا، اس میں دو کامیاب تجربے ہیں جو In process ہیں، پہلا ہے کنٹریکٹ ڈاکٹرز کا، اور اس کا جواب دیتے ہوئے میں یہ Opportunity بھی لے لیتا ہوں کہ اس پہ جو خدشات ہیں، وہ اس پہ ایم پی ایز بھی اور جنرل پبلک بھی Clear ہوں کہ وہ خدشات بھی ذرا ہے ہم Clear کر دیں۔ کنٹریکٹ ڈاکٹرز کا اختیار ہم نے ابھی ہر ایم ایس کو دیا ہوا ہے اور ہر ڈی ایچ او کو دیا ہوا ہے کہ جہاں پر آپ کے پاس خالی پوسٹس ہیں اور خالی پوسٹس پہ جو Permanent لوگ نہیں ہیں، جب تک Permanent لوگ نہ ہوں آپ Application لکھیں اور آپ کنٹریکٹ پہ بہتر تنخواہ پہ لیں۔ اس پہ جو پہلا Round ہوا، اس میں کچھ پراسیس میں بہتری ہو سکتی تھی۔ دوسرا Round ہو گا، تقریباً تین سو ڈاکٹرز جو ہیں وہ Hire ہو گئے ہیں، وہ تین سو ڈاکٹرز End of September تک میرے خیال میں سارے رپورٹ کر لیں گے، اب وہ پراسیس اوپن ہے، جو بھی ایم ایس جو بھی ڈی ایچ او چاہتا ہے دوسرا Round بھی کر لے، دوسرے Round میں کوئی 264 شاید پوسٹس ہیں Exact figure میرا اگر تھوڑا سا کم زیادہ بھی ہو، کئی کئی ایم ایس یا ڈی ایچ او خود نہیں مانگ رہے ہیں، جہاں پہ بھی کسی کو پتہ ہو کہ میرے پاس سپیشلسٹ سٹاف کی کمی ہے تو وہ ٹھیک کریں، پہلے Round میں کنٹریکٹ سٹاف میں یہ ایک ایشو ہوا تھا کہ Clear priority ڈسٹرکٹس کو پہلے نہیں دی تھی، ابھی وہ Rules بھی Change کر رہے ہیں کہ کوشش کریں کہ پہلے اگر ڈسٹرکٹ کا بندہ ہو تو اس کو کنٹریکٹ ملے، نہ ہو تو پھر صوبے کا، یہ بھی Openness ڈالی گئی ہے کہ اگر صوبے کا کوئی Apply نہ

کرے اور باہر سے کوئی Apply کرے تو اس کو بھی لے آئیں تاکہ کمی نہ ہو، اس سے زیادہ تو ہو نہیں سکتا۔ اچھا، اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ سارا سٹاف جو ہے وہ کنٹریکٹ صرف بھرتی ہوگا، ہم سول سرونٹس کو نہیں ختم کر رہے ہیں اور Already انسٹرکشنز دی ہیں جو خالی پوسٹس ہیں، اس پہ پبلک سروس کمیشن کو بھی لکھا جائے کہ ساتھ ساتھ جو ہے وہ جو خالی پوزیشنز ہیں ان کی ریکروٹمنٹ بھی ساتھ ساتھ چلے تو ایک تو یہ ہو گیا کنٹریکٹ ڈاکٹرز کا، اچھا وہ چونکہ کامیاب تجربہ رہا تو ہم یہ ابھی Extend کریں گے، نرسز کو بھی، کیونکہ نرسز کی کمی ہے تو نرسز بھی جہاں پر Permanent staff سے نہ ملیں، وہ ضلع میں کنٹریکٹ پہ آ جایا کریں تو یہ بھی ایک Permanent مسئلہ حل ہو جائے گا۔ نرسز کی بات کرتے ہوئے، نگہت بی بی کے سوال کا اسی وقت جواب دیتے ہوئے، جو Waiting list والا ایشو ہے وہ کورٹ میں چیلنج ہوا ہے، ابھی انہوں نے بتایا ہے، اگر وہ جلدی Resolve ہو سکے، Otherwise ڈیپارٹمنٹ کا کوئی ایشو نہیں ہے، وہ ہم جلد سے جلد وہ نکال دیں گے اور اسی طرح وہ تو ایک ڈیویلپمنٹ پراجیکٹ ہے، میں چاہتا ہوں کہ نرسز کو بھی کنٹریکٹ پہ لینے کا، Permanent employment کے ساتھ یہ ہمارے پاس دوسرا طریقہ ہو تاکہ جہاں جہاں پہ نرسز کی کمی ہو، ہسپتال خود مختار ہو، نرسز Hire کرنے میں۔ جو تیسری چیز ہے، اور وہ میاں نثار گل صاحب نے کہا اور میرے خیال میں تقریباً Ninety percent MPAs نے اس کی تعریف کی ہے، وہ ہے یہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ہاسپیٹلز، اس پہ شاید آگے کوئی سوال بھی ہے اگر مجھے یاد ہو، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ہاسپیٹلز کو بھی ہم وہ Capacity جو ہمارے پاس Spare ہوتی ہے، وہ ہم دینا چاہتے ہیں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ موڈ میں، کیونکہ ہم نے دیکھے ہیں کہ جو ہمارے پاس بارہ تیرہ ہاسپیٹلز اس Mode میں چل رہے ہیں، ان کے بڑے اچھے ریزلٹس آئے ہیں، تو جب یہ کنٹریکٹ ڈاکٹرز اور ساتھ ہمارے Traditional Mode میں بھی ہسپتال جو ہیں وہ چل رہے ہونگے Parallel پہ، تو میرے خیال میں Ninety percent جو سٹاف کی اور Expertise کی اور Even جو دور دراز اضلاع میں سپیشلسٹ کی کمی ہے وہ حل ہو جائے گی، PPP Hospitals میں ہم نے Fifty eight hospitals advertise کئے، Capacity وہ صرف Thirty percent bed capacity ہے لیکن وہ سارے وہ کیٹیگری ڈی یا کیٹیگری سی ہاسپیٹلز ہیں جہاں پہ یا سپیشلسٹ کی کمی ہے یا ان کی او پی ڈی اور ایمرجنسی اتنی کم ہے کہ وہ Clear ہے کہ کئی کئی وہ سپیشلسٹس نہیں آتے یا وہ جو Capacity پہ جس ہاسپیٹل کو چلنا چاہیئے۔ جناب سپیکر صاحب، آپ کے حلقے میں جو گڑھا تاجک تھا، ہم نے ایک ساتھ وزٹ

کیا، اس کے بعد بھی میں دیکھ رہا ہوں، ابھی جو Latest، ایم ایس بھی وہاں پہ گئی تھی، تو رپورٹ آئی تھی کہ کچھ سٹاف جو ہے وہ نہیں Turn up کر رہا تھا، پھر وہ کر رہا تھا، تو یہ تینوں پراسیس ہم ساتھ چلائیں گے، شاید سارے Fifty eight hospitals ایک ہی رو میں نہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ہاسپیٹلز موڈ میں چلیں، لیکن ان کو ہم نے مارکیٹ کو ایڈورٹائز کر دیا ہے، ابھی دیکھتے ہیں کہ مارکیٹ کی کتنی Capacity ہے کہ وہ کتنی Absorb کرتی ہے، Again میں یہ کہتا ہوں، یہ پرائیویٹائزیشن ہرگز نہیں ہے، یہ سرکاری ہسپتال چلانے کا ایک اور Alternative طریقہ جو مریض کے لئے اسی طرح مفت ہو گا، وہی بجٹ جو ہسپتال کا ہو گا اس کو Online میں جائے گا۔ یہ غزن جمال صاحب بیٹھے ہیں، ان کے ڈسٹرکٹ کا جو ڈی ایچ کیو ہے وہ سب سے پہلے میں نے دیکھا تھا، جو PPP Mode میں چل رہا ہے، یہاں تیراہ ویلی سے وہ سارے لوگ آتے ہیں اور اس کی ہمارے بہت سے ڈی ایچ کیوز سے زیادہ او پی ڈی ہے، اور اس کو ذرا ہم Contrast کرتے ہیں، جو کہ ہمارا ہاسپیٹل کل پرسوں جو ٹی وی پہ آ رہا تھا، لاڑکانہ کا یہی ایشو ہے ناں، سارے پاکستان میں کم از کم ہمارے ہاسپیٹلز کو تالے نہیں لگے ہوتے، ہاں ضرور کہیں کہیں بی ایچ یوز میں ڈاکٹر جلدی چلا جاتا ہے یا کوئی اور، میرے خیال میں بہت Improvement آئی ہے لیکن بہت Improvement کی گنجائش ہے، اس کے لئے ہم پولیٹیکل پریشر بھی برداشت کرتے ہیں، یہ نئے ریفارمز کر کے، لیکن میرے خیال میں دسمبر جنوری تک جب یہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ موڈ ہاسپیٹلز میں چلے جائیں گے تو ان شاء اللہ آپ دیکھیں گے کہ ہمارے جو سارے، اس میں ہنگو کا ڈی ایچ کیو بھی ہے کہ وہ میں نے خود وزٹ کیا ہے، بڑا خوبصورت ہاسپیٹل ہے لیکن Under capacity چل پڑا، دو تین ایم ایس بھی Change کئے اور حیرت کی بات یہ ہے کہ پشاور سے وہ صرف دو گھنٹے کا راستہ ہے لیکن ڈاکٹرز وہاں پہ ٹرانسفر کریں تو وہ واپس آنا چاہتے ہیں، Right، تو ہمیں کہیں کہیں اپنے سسٹم کو Adopt کرنا ہے کہ پبلک کو Easy delivery ملے اور وہ ہم وہ کر رہے ہیں، اس لئے جو کرک کا تھا، کرک کے لئے خوشخبری یہ ہے، حالانکہ وہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ لسٹ پہ نہیں ہے، جب یہ تیس چالیس ہاسپیٹلز بھی اگر چلے جائیں گے پبلک پرائیویٹ ہاسپیٹلز تو ہمیں باقی ڈاکٹرز کو Post کرنے میں آسانی ہو جائے گی کیونکہ وہ خالی پوسٹس جو ہیں وہ کم رہ جائیں گی، ہم ڈاکٹرز کو Post کر سکیں گے، یہ ڈاکٹرز ان PPP Hospitals سے بھی کام کر سکیں گے، جہاں پہ کمی ہو گی وہ جلدی سے کنٹریکٹ پہ ایریا کو جا سکے گا۔ تو بڑا اچھا تجربہ ہے، میں ان میں اسی کی جو Latest مثال تھی، جو میں نے خود ساؤتھ وزیرستان میں دیکھا تھا،

وہاں پہ دو ہاسپیٹلز دیکھے تھے، آج سے کوئی ڈیڑھ سال پہلے، ایک ہے شولام میں جو وانا سے کوئی دس کلو میٹر دور تھا، وہ چالیس Beds کا ہاسپیٹل تھا، وہ Fully occupied ہوتا تھا، وہاں پہ وہ PPP Mode میں چل رہا تھا، وہاں کراچی سے بھی سپیشلسٹس آکر کام کرتے تھے، ایک تھا وانا کا ہاسپیٹل، جس کی ٹوٹل اوپی ڈی دن کی Hundred بھی نہیں تھی اور وہ کوئی چار پانچ سو Beds کا ہاسپیٹل ہے، اب وہ جو ہم نے Out source کر دیا PPP Mode میں، ابھی وہ Fully operational بھی نہیں ہے، کچھ لوکل کے مسائل تھے، ڈی سی نے بڑا اچھا کام کیا، وہ Within a month اس کی اوپی ڈی سو سے آٹھ سو، ساڑھے آٹھ سو تک چلی گئی ہے، تو میرے خیال میں یہاں پہ یہ جو Highlight کئے ایشوز، یہ خوشدل خان صاحب نے بھی صحیح Highlight کئے، میرے خیال میں یہ تین چار چیزیں اور ان کے ساتھ ان کو بجٹ کا بھی اختیار دے دیا، چاہے وہ سرکاری ہاسپیٹل ہو، PPP Hospital کے پاس تو اپنے بجٹ کا اختیار ہے، IMU اس کو چیک کرے گا لیکن سرکاری ہاسپیٹل میں بھی بجٹ کا اختیار ایم ایس کو دے دیا کہ وہ Maintenance کر سکے، وہ Repair کر سکے، وہ ہیلتھ مینجمنٹ کونسل بنا کر انفراسٹرکچر کا کام بھی کر سکتا ہے، تو جہاں جہاں پہ یہ کام کر رہا ہے اس کے Results already بڑے اچھے آئے ہیں، چھ ہاسپیٹلز کو ہم نے Pilot کیا تھا، "مولوی جی ہاسپیٹل پشاور" میں آپ فرق دیکھ سکتے ہیں، "نصیر اللہ بابر ہاسپیٹل" میں آپ فرق دیکھ سکتے ہیں، ایبٹ آباد میں ڈی ایچ کیو میں آپ فرق دیکھ سکتے ہیں، ہری پور مین ڈی ایچ کیو میں آپ فرق دیکھ سکتے ہیں اور چارسدہ ڈی ایچ کیو، یہ پانچ ہاسپیٹلز میں یہ Pilot ہوا ہے اور بہت اچھے ریزلٹس ہیں۔ شکریہ جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی خوشدل خان صاحب۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: منسٹر صاحب نے بہت تفصیلی جواب دے دیا، میں ان کے نوٹس میں یہ لانا چاہتا ہوں، کچھ Suggestions ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت اپنی طرف سے کوشش کر رہی ہے کہ کوئی خالی جگہ نہ رہے، اصل میں ایک ڈاکٹر جو ہے نا، ڈاکٹر پر ملک کا، قوم کا، والدین کا بڑا خرچہ آتا ہے، ایف ایس سی کرنے کے بعد وہ پانچ سال میڈیکل کالج میں، پبلک سیکٹر میں ہو یا پرائیویٹ سیکٹر میں ہو، اس پر پیسہ خرچ ہو کر جب وہ Employment کے لئے جاتا ہے، ابھی Recently پبلک سروس کمیشن نے میرے خیال میں، More than hundred candidates recommended for appointment as Medical Officer اب جب یہاں پشاور کا ایک

ڈاکٹر ہے اور اس کی آپ پوسٹنگ ہنگو میں کرتے ہیں، ٹانک میں کر دیتے ہیں اور یا کرک میں کر دیتے ہیں، He is not willing to join that very post for the reasons اس وجہ سے کہ وہاں پر آپ وہ Facilities نہیں دے سکتے ہیں، نہ آپ وہ Incentives دیتے ہیں کیونکہ وہ یہاں پر بھی grade 17th میں جب وہ پشاور میں کام کرتا ہے، اس سے زیادہ تنخواہ یہاں لیتے ہیں، زیادہ Facilities دیں، یہاں لوڈ شیڈنگ کم ہوتی ہے، یہاں Facilities سب کچھ، جب ٹانک میں وہ جاتا ہے تو وہاں ان کی تنخواہ بھی کم ہوتی ہے، وہاں پر ان کو Accommodation بھی نہیں ملتی ہے، نہ پرائیویٹ جگہ Accommodation ملتی ہے نہ آپ کے ہسپتال میں Accommodation اور جو آپ کے ہسپتالوں میں Accommodation ہے اس میں وہ Facilities جو Basic facilities ہیں، اس میں وہ کمی ہوتی ہیں، اب وہاں پر گیس نہیں ہوتی ہے، وہاں پر بجلی نہیں ہوتی، ان کے بچے ہوتے ہیں، ان کے بچوں کی تعلیم کی وہ ہوتی ہے، جب یہاں پشاور میں ان کا بچہ ہوتا ہے، وہ اچھے سکول میں جائے گا، اب ٹانک میں ہسپتال کا یہ حال ہے تو وہاں کے سکولوں کا کیا حال ہے؟ تو حقیقت میں یہاں بعض ایسی پوسٹیں ہیں، یہ دونوں آپ کے ڈیپارٹمنٹ میں بھی یہی حال ہے اور ایجوکیشن میں بھی یہی حال ہے، زیادہ تر اور علاقوں کے ٹیچرز یا ڈاکٹرز یہاں پشاور میں بیٹھے ہوتے ہیں، یہاں پر Detain پر کام کرتے ہیں، تنخواہ وہاں سے لیتے ہیں لیکن یہاں ہسپتالوں میں اور سکولوں میں بیٹھے۔ میں Suggest کرتا ہوں کہ آپ اتنا زیادہ خرچہ بھی نہ کر لیں، آپ پشاور، آپ ایک ضلع میں ایک ہسپتال Establish کر لیں لیکن اس کے ساتھ Basic facilities ہوں، اس کے ساتھ بنگلے ہوں، اس کے ساتھ جو Basic facilities بجلی ہو، گیس ہو، وہاں اچھے سکول ہوں تو پھر وہ ڈاکٹر پشاور کے بجائے وہاں بھی خوش ہو گا لیکن جب وہاں پر اس کی ایک ہی طرح اپوائنٹمنٹ، ایک ہی طرح ڈاکٹر وہاں پر Facilities زیادہ ہیں پشاور میں، مردان میں زیادہ ہیں، نوشہرہ میں زیادہ ہیں لیکن ٹانک جیسے علاقے میں اور جگہوں پر نہیں ہیں تو وہاں پر رہنا ان کی لئے مشکل ہوتا ہے، وہ بچوں کی خاطر پھر وہاں نہیں رہ سکتا ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی آپ کا پوائنٹ آگیا ہے جی۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: تو میری یہ Suggestion ہے۔ دوسری Suggestion میری یہ ہے آپ ذرا ایک دو منٹ مجھے دے دو، کیونکہ آپ نے تو خود اتنا تفصیلی جواب دے دیا۔ دوسری یہ ہے کہ آپ کچھ کر لیں کہ وہاں پر لوکل ڈاکٹرز، لوکل جونرسز ہیں، آپ Arrange کر لیں، Hire کر لیں On the

contract basis تو ان کے لئے بھی آسان ہوگا، یہاں سے اور دوسری یہی بات ہے کہ Accommodation، اب ہماری Accommodation جب ہسپتالوں میں جب نہیں ہوتی، پہلے آپ دیکھیں یہاں پشاور میں دیکھیں، آپ جائیں بڈھ بیر ڈی ٹائپ ہسپتال ہے، میں نے وہاں پر کام کر کے بنگلے کے، وہ بنگلے خالی پڑے ہوئے ہیں، اس وجہ سے کہ وہاں پر بجلی نہیں ہے، اب چوبیس گھنٹوں میں ہمارے بڈھ بیر میں اٹھارہ گھنٹے لوڈ شیڈنگ ہوتی ہے تو وہاں ڈاکٹر کس طرح رہے گا؟ تو وہ ضرور جائے گا، جب آپ اس کو Dismiss کرتے ہیں یا Remove کرتے ہیں، وہ وہاں نہیں رہ سکتا ہے، تو میری یہ حکومت سے ریکویسٹ ہے کہ آپ زیادہ تر پیسے ایسی Basic چیزوں پر خرچ کر لیں تاکہ ڈاکٹر اور ٹیچر کے لئے وہاں Incentives ہوں اور وہاں رہ سکتے ہوں، Thank you very much.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی تیمور جھگڑا صاحب۔

وزیر صحت و خزانہ: جی بڑی زبردست ڈیبیٹ ہو رہی ہے، مزہ آ رہا ہے Actually، کیونکہ بڑی Positive suggestions ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، Cross talk نہ کریں جی، سنیں، Cross talk نہ کریں جی، جی۔

وزیر صحت و خزانہ: سر، ایک میں Correction کر دوں کیونکہ آپ Try کرتے ہیں، ہمارے پچھلے دور میں، سپیکر صاحب، Probably آپ نے مجھ سے پہلے دیکھا تھا، ایک سسٹم شروع ہو گیا تھا، ہیلتھ پروفیشنل الاؤنس کا، جس میں جو Far flung areas تھے ان میں ہیلتھ پروفیشنل الاؤنس زیادہ رکھا گیا، ان کو Compensate کرنے کے لئے، یہی Issue solve کرنے کے لئے، اچھا وہ اس کے باوجود جب مجھے منسٹری ملی، میں نے دیکھا تو سر، اس کے باوجود بھی یہ ریزلٹس جو ہیں وہ نہیں ہیں، ہم نے اس بجٹ میں ایک پوری نئی کیٹیگری بنائی کہ جو سب سے مشکل ایریاز ہیں ان کا ہیلتھ پروفیشنل الاؤنس اور بھی زیادہ کر دیا، حالانکہ ہمارا اپنا ایک ہی ضلع تھا پشاور جس میں ہم نے ہیلتھ پروفیشنل الاؤنس کو زیادہ نہیں کیا کیونکہ سب لوگ یہاں پہ ویسے ہی کام کرنا چاہتے ہیں، اس کے باوجود ڈیمانڈ دس بیس پرسنٹ کم ہوئی ہو گی، مجھے جو ڈاکٹرز کی Feedback ملتی ہے، انہوں نے کہا کہ یقیناً اس سے تھوڑی آسانی ہوئی ہے، چترال میں کام کرنے کے لئے، نارتھ وزیرستان میں کام کرنے کے لئے، لیکن چونکہ میں کافی سارے فیلڈ پہ گیا ہوں، یہ دوسری بات بھی خوشدل خان صاحب کی ٹھیک ہے کہ دو اور ایشوز جو ہیں وہ Solve کرنے ہیں، ایک ہاسپیٹلز میں بجلی کا اور دوسرا ساتھ Accommodation کا اور ایک تیسرا ہمیں شاید اپنا

پوسٹنگز ٹرانسفرز کا سسٹم بھی تھوڑا سا تبدیل کرنا پڑے۔ پہلی چیز پہ میں آتا ہوں، جو بجلی کا ایشو ہے، وہ تو ہم نے ایک ارب روپے As a lump sum Current Budget میں رکھے ہیں، Express line کے لئے جو میرے خیال میں، اگر ہاسپیٹلز نے چلنا ہے، یہ اتنے ہاسپیٹلز بنا دیئے، جیسے انہوں نے کہا، کیونکہ فیڈرل گورنمنٹ نے Traditionally KP کو بجلی نہیں دی، پورا فوکس جو ہے وہ پنجاب پہ جو ہے وہ رہا ہے، وہاں پہ Electrification ہو جاتی ہے تو، اگر بجلی نہیں ہو گی ہسپتال نہیں چلے گا، اس کا حل سے ہی ہے تو وہ بجٹ ہم نے رکھا ہے اور جتنی جلدی ہو سکے یا جو ہاسپیٹل ڈیمانڈ کرے Express line تو ان کو ہم یہ ایکسپریس لائن Although provided پیسکو پھر Install بھی کرے، وہ اب ایک اور ڈیبیٹ چھڑ جائے گی لیکن ارادہ یہ ہے کہ میرے خیال میں ہم یہ Priority پہ ہر ہاسپیٹل، ہر Functioning hospital کو ایکسپریس دیں تاکہ وہاں بجلی Twenty four hours، پہلی چیز، Accommodation کا یہی جو سسٹم ہم نے بنایا ہے، ہیلتھ مینجمنٹ کونسل کا اور اس کے ساتھ Even BHUs میں PCMCs کا، Primary Health Care Committee کا، پچھلے سال ہم نے دیکھا، ہم نے ان کو چار پانچ لاکھ روپے دیئے، ان سے کوئی Sixty seventy percent میں بڑا زبردست کام کیا۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تیمور، تیمور، پچیس منٹ ایک کوسچن پچیس منٹ ایک سوال پہ ہو گئے ہیں۔۔۔

<u>وزیر صحت و خزانہ:</u> چلے Finish کرتا ہوں۔ جی سر۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تو، آپ شارٹ کر کے اس کا جواب دے دیں، ان کو سمجھ آ جائے، شارٹ کر لیں جی۔

<u>وزیر صحت و خزانہ:</u> جی، تو ایک تو یہی پیسے دے کر Next step یہ آپ دس کوسچنز ایک میں نہ پوچھیں تو میں ایک منٹ کا جواب دوں گا۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> وہ سپلیمنٹری آپ کافی زیادہ کر گئے ناں۔

<u>وزیر صحت و خزانہ:</u> ہاں، تو ہم یہ بجٹ دے کر اور آگے جب دیکھیں گے، اپنی Accommodation خود ٹھیک کریں اور ساتھ کچھ Innovative solutions جیسے ہم جو ہیں، وہ ان کو Prefab دے سکتے ہیں یا کنٹینر میں دے سکتے ہیں، Accommodation اچھی ہونی چاہئیے۔ تیسری چیز جو پوسٹنگز ٹرانسفرز کی ہے، اس پہ بھی ڈاکٹرز کو ہی بلایا گیا کہ آپ ہمارے ساتھ Agree کریں اور میرے خیال میں ہمیں پوسٹنگز ٹرانسفرز میں دور دراز علاقوں کے لئے Rotation policy رکھنی پڑے گی تاکہ وہ دو

لوگ ایک مہینہ ایک پشاور میں کام کرے، ایک مہینہ دوسرا پشاور میں کام کرے اور پھر وہ Switch کریں، یہ طریقہ ہوتا ہے جہاں پہ آپ نے لوگوں کو دور دراز علاقوں میں لے جانا پڑتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، تھینک یو۔ کوئسچن نمبر 15284، محترمہ حمیرا خاتون صاحبہ۔

* 15284 _ محترمہ حمیرا خاتون: کیا وزیر سائنس وانفارمیشن ٹیکنالوجی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ رواں مالی سال 22-2021 کے بجٹ میں صوبہ بھر میں سائنس ٹیکنالوجی کے بجٹ میں 137 فیصد اضافہ کیا گیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس وقت محکمہ کا کل بجٹ کتنا ہے اور حالیہ بجٹ میں رکھی گئی اضافی رقوم سے کون کونسے منصوبے شروع کئے گئے ہیں اور کون سے منصوبے شروع کرنا حکومت کے زیر غور ہیں، اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے، نیز اس وقت صوبہ بھر میں وزارت سائنس وٹیکنالوجی کے ملازمین کی ضلع اور سکیل وار تعداد کیا ہے؟

جناب محمد عاطف (وزیر سائنس وٹیکنالوجی) جواب (وزیر خزانہ نے پڑھا): (الف) سائنس وٹیکنالوجی کے سب سیکٹر میں پچھلے سالانہ ترقیاتی بجٹ 2020 کے مقابلے میں موجودہ سالانہ ترقیاتی بجٹ 2021-22 میں 22.08 فیصد اضافہ کیا گیا ہے۔

(ب) تفصیل لف ہے، (ایوان کو فراہم کی گئی)۔ جبکہ صوبہ بھر میں وزارت سائنس وٹیکنالوجی کے ملازمین کی ضلع اور سکیل وار تعداد کی تفصیل لف ہے۔(ایوان کو فراہم کی گئی)۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، میرا کوئسچن آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ سے ہے اور میرے خیال میں پچھلے دو تین سالوں میں کورونا کے آنے کے بعد آئی ٹی کی اہمیت بہت زیادہ بڑھ گئی ہے اور Globally بھی آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ سے اور آئی ٹی کے شعبے کے اندر بہت بڑا کام ہو رہا ہے جو کہ بد قسمتی سے ہمارے صوبے کے اندر اس کی جھلک بہت کم نظر آ رہی ہے، اس وقت پنجاب کے اندر ان لوگوں نے باقاعدہ Pools بنائے ہوئے ہیں اور Pools اور پلازے جو ہیں، وہ باقاعدہ آئی ٹی کے نام سے بنے ہوئے ہیں، عارفہ کریم جو ٹاور ہے آئی ٹی کا، وہ ایک بہت نامور جگہ ہے جہاں پہ آئی ٹی کے لحاظ سے اپنے عوام کے اندر، اپنی Youth کے لئے وہاں پہ Facilities فراہم کی جا رہی ہیں۔ میں نے جو سوال پوچھا تھا اس کے جز "ب" کا جو دوسرا حصہ ہے، اس کا مجھے جواب نہیں دیا گیا۔ میں نے پوچھا تھا کہ کتنا بجٹ رکھا گیا ہے اور اس بجٹ کا کتنا حصہ کن کن منصوبوں پہ خرچ ہو رہا ہے اور کیا پراجیکٹس جو ہیں وہ اس وقت

فیلڈ میں ہیں یا پائپ لائن میں کام کر رہے ہیں؟ اس کے لحاظ سے کوئی جواب میں ہے نہیں، لیکن میرا یہ ایک مشورہ ہے، وہ تو منسٹر صاحب بتادیں گے کہ جو پراجیکٹس چل رہے ہیں، لیکن میرا یہ مشورہ ہے کہ فی الحال اگر ہم اپنے صوبے کے اندر پشاور سے بھی آغاز کرتے ہیں اور ہم پشاور سٹی کو ایک Digital city بنانے کا پراجیکٹ جو ہے، یہ ایک میگا پراجیکٹ Launch کرتے ہیں اور ہم اس میں بھی کامیاب ہو جائیں، آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کہ وہ پشاور کو Digital city بنادے اور اس کا جتنا بھی Infrastructure ہے یا اس کی جتنی ضروریات ہیں، ان کو پورا کیا جائے اور ہم اپنی Youth کو یہ Skill فراہم کریں، آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کے اندر سارے بزنسز جو ہیں، سارے آفسز جو ہیں، سارا کام جو ہے وہ آئی ٹی کے اوپر چلا گیا ہے، لہذا ہماری Youth کے پاس اس وقت ہماری گورنمنٹ کے لئے کونسے پروگرامز ہیں جو اپنی Youth کو اپنے پاؤں پہ کھڑا کرنے کے لئے بھی اور پراجیکٹس جو ہیں، وہ پائپ لائن میں ہیں۔

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: Ji concerned Minister, to respond.

<u>محترمہ بصیرت خان</u>: جناب سپیکر، میرا ایک ضمنی سوال ہے۔

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Supplementary.

<u>محترمہ بصیرت خان</u>: جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: بصیرت خان صاحبہ کا مائیک۔

<u>محترمہ بصیرت خان</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، جس طرح میری معزز ممبر نے بات کی اس پہ کہ، چونکہ آج کل آئی ٹی کا دور ہے، ہر طرف Digitization کی باتیں ہو رہی ہیں New innovations ہو رہی ہیں اور ابھی جو کوئسچن کی ڈیٹیل میں جب میں گئی ہوں تو اس میں Merged districts کا ذکر کیا گیا ہے کہ Merged districts میں IT labs بنائی جائیں گی جو ایک خوش آئند بات ہے، پچھلے دنوں اس کا افتتاح بھی ہوا کہ ڈسٹرکٹ خیبر میں IT School of Technology in Government Institution میں اس کا افتتاح بھی ہوا ہے لیکن میری گزارش یہ ہوگی کہ آیا یہ صرف ہمارے جو سٹوڈنٹس ہیں، Boys ہیں، ان کے لئے یہ یا ہماری جو بچیاں ہیں، ان کے لئے بھی Merged districts کی بچیوں کے لئے بھی کچھ اس قسم کے Initiatives ہیں یا School of Technology بننے جارہے ہیں یا نہیں؟ ذرا اس پہ بھی مجھے اگر ڈیٹیل دی جائے۔ تھینک یو۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی تیمور جھگڑا صاحب۔

وزیر صحت و خزانہ: سر، دوسرے پہ مجھے ڈیٹیل ابھی بھیج دیتا ہے جو سپلیمنٹری کوئسچن تھا، میں صرف پہلے والے پہ جلدی سے جو ڈیٹیلز ہیں، پراجیکٹس دیکھیں، وہ تو بجٹ بک میں نے ابھی کھولی ہے تو وہاں سے دیکھ لیتے ہیں، لیکن میں ضرور Facilitate کر دوں گا، Because میرے خیال میں Positively جو ہے وہ لایا گیا تھا، جو دو چیزیں میرے خیال میں ضروری ہیں، Initiatives تو ہیں، مجھے خود بھی پتہ ہے جیسے ہمارے جو Incubators ہیں، دور شل ہے، عاطف خان ابھی Technology Parks بھی بنا رہے ہیں، بہت بڑے Plans ہیں اور اس کے ساتھ ایک Extra چیز، بلکہ آج اس کے بعد پشاور میں دنیا کی سب سے بڑی IT Forms میں سے ایک ہے Affinity وہ اپنا پشاور آفس KPIT Board کے Upper floor میں بنا رہی ہے اور اس کا مقصد یہی تھا کہ ایک بڑی کمپنی آئے گی تو اور بڑی Companies جو ہیں وہ Follow کریں گی، ہمارے پاس Talent ہے، اس پہ کام ہو رہا ہے، گورنمنٹ کو Digitized کرنے میں، IT Infrastructure اور Parks بھی بنانے میں اور عارفہ ٹاور کی ضرورت نہیں ہے، بڑا Controversial Project تھا اور Private investment بھی لانی ہے، یہ تینوں چیزیں مل کے KP کو جو ہے وہ پاکستان کا IT Hub بنائیں گے اور یہ جو دوسرا سوال تھا، یہ انہوں نے کیا لکھا ہے جی، Mega Projects یہ تو سارے جو ہیں، وہ میں نے بتا دیئے، جو وہ خیبر کے Hospital وہ Boys only ہے یا Boys and girls ہیں، دونوں ہیں جی، وہ اس میں وہ خواتین کے لئے بھی اور لڑکوں کے لئے بھی ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ کوئسچن نمبر 15363، جناب عنایت اللہ خان صاحب۔

* 15363 _ جناب عنایت اللہ: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے صوبہ میں مزید ہسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا فیصلہ کیا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت کا صوبے میں مزید کون کونسے ہسپتالوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کی تجویز ہے اور جن پارٹیوں کے ساتھ پارٹنرشپ کا ارادہ ہے، ان کی تفصیل کیا ہے؛

(ج) اس وقت صوبہ بھر میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلنے والے ہسپتالوں کی کارکردگی کیا ہے، اس کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ و صحت): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ ماڈل پر صحت کی سہولیات کی Out sourcing کے کامیاب اقدام کے بعد محکمہ صحت خیبر پختونخوا حکومت نے خیبر پختونخوا ہیلتھ فاؤنڈیشن کے ذریعے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کی بنیاد پر صوبہ بھر کے Fifty eight secondary level کے ہسپتالوں کو Out source کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

(ب) Fifty eight out source کئے جانے والے سیکنڈری کیئر ہسپتالوں کی فہرست منسلک ہے، ثانوی صحت کی دیکھ بھال کی سہولیات کی منظوری صرف DG Health اور اس کے نتیجے میں بورڈ آف گورنرز، خیبر پختونخوا ہیلتھ فاؤنڈیشن نے دی ہے جبکہ Procurement/Tendering کا عمل ابھی شروع ہونا باقی ہے، لہذا خریداری کا عمل مکمل ہونے کے بعد IP کی تفصیلات کا اعلان کیا جا سکتا ہے۔

(ج) 8 ہسپتالوں کی Out sourcing سے پہلے اور Out sourcing کے بعد کے حالات کے درمیان ایک اہم فرق ہے جو کہ دور دراز ضم شدہ علاقے میں واقع ہیں، تاہم یہ ہسپتال تو قائم کئے گئے لیکن مقامی کمیونٹی کے ایک فرد کو بھی کوئی خدمات فراہم نہیں کی گئیں۔ یہ پہل بہترین عوامی مفاد میں کی گئی تھی اور بہت سے بڑا فرق نتائج میں دیکھا جا سکتا ہے، جو نیچے گراف میں دکھائے گئے ہیں۔

(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)

جناب عنایت اللہ: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ یہ میرا سوال پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے حوالے سے ہے، ویسے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ اصولاً کوئی غلط چیز نہیں ہے اور جب میں منسٹر تھا تو وہ میرے دور میں بھی کچھ یونٹس پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت دیئے گئے تھے، پی ٹی آئی گورنمنٹ کے اندر اس کے لئے Proper policy بنی اور لاء بنا لیکن ہمارے دور میں جب بھی پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت جن یونٹس کو دیا گیا تھا ان کے اندر Main consideration یہی تھی کہ وہ Under utilized تھے اور حکومت ان کو سٹاف فراہم نہیں کر پا رہی تھی، جس بڑے پیمانے پہ آپ سرکاری یونٹس کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت Offer کر رہے ہیں تو نظریہ یہ رہا ہے کہ آپ کی جو Responsibility ہے State کی، ہیلتھ اور ایجوکیشن کی جو بنیادی Responsibility ہے، آپ اس سے مطلب ہے بھاگ رہے ہیں اور اس کو چھوڑ رہے ہیں، تو میں تین Specific سوال کروں گا اور منسٹر صاحب سے جواب چاہتا ہوں اور منسٹر صاحب میرا خیال ہے کہ وہ Articulate ہیں، بات کر سکتے ہیں، ان کے ساتھ Background knowledge بھی ہے لیکن وہ Focused ہو کر With

economy of wordsتاکہ اس ہاؤس کا وقت بچے، مجھے Focusedان ہی کا جواب دے دیں۔ایک یہ ہے کہ آپ کو یاد ہوگا کہ پریزیڈنٹ پرویز مشرف کے دور میں President Primary Health Care Initiativeشروع ہوا تھا اور اس کے تحت اس صوبے کے سترہ اٹھارہ اضلاع کے آر ایچ سیز اور بی ایچ یوز سارے دیئے گئے تھے، پھر آپ نے اس کو Reverseکر دیا،اس کا جو Backlogہے وہ ابھی تک چل رہا ہے۔آپ مجھے بتائیں،آپ نے اس کو کیوں Reverseکیا؟اگر وہ Effectiveتھا اور ٹھیک تھا تو آپ نے اس کو کیوں Reverseکر دیا؟ میرا ایک سوال یہ ہے۔ میرا دوسرا سوال یہ ہے کہ اس کے اندر آپ کا Criteriaکیا ہے؟کیونکہ میں بہت سے یونٹس ان اٹھاون کے اندر ایسے دیکھ رہا ہوں جن کی او پی ڈی اس وقت کیٹیگری ڈی ہاسپیٹل کی چار سو اور پانچ سو سے Dailyزیادہ ہے،ایک Far flung areaکے اندر،Rural areaکے اندر اگر کسی یونٹ کی چار سو اور پانچ سو سے او پی ڈی زیادہ ہے،آپ اس کو کس طرح Out sourceکر رہے ہیں؟ میں تیسرا سوال یہ کرنا چاہتا ہوں کہ جو آپ کے Existing employeesہیں Permanent employeesہیں، سول سرونٹس ہیں،آپ ان کے ساتھ کیا کریں گے؟اور چوتھا سوال میرا یہ ہے کہ یہ جو آپ کے User chargesہیں، جس بنیاد پہ ان غریب Marginalizedلوگوں کو سروسز ادھر مل رہی ہیں،کیا کسی Private entityکو ان کے ساتھ پارٹنرشپ کے بعد وہ User chargesجو ہیں وہ زیادہ نہیں ہوں گے؟ میں منسٹر صاحب سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ Specificallyان چار کا مجھے جواب دے دیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ٹھیک ہے۔جی تیمور جھگڑا صاحب۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: سپلیمنتری کوئسچن دے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سپلیمنٹری،جی خوشدل خان صاحب۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: مہربانی جی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: لیکن شارٹ کوئسچن کریں۔دیکھیں پھر عنایت اللہ صاحب کہتے ہیں،ایک سوال پر اتنا ٹائم نہ لگائیں۔

<u>جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ</u>: سپیکر صاحب، زه د منسټر صاحب آئین طرف ته توجه راوستل غواړم،

Article 38. Promotion of social and economic well-being of the people:

The state shall-
(d) Provide basic necessities of life, such as food, clothing, housing, education and medical relief, for such all citizens.”

زه دا عنایت الله خان سپورټ کوم چې دا د سټیټ ذمه واری ده او Constitution دا وائی چې سټیټ به میډیکل ریلیف ورکوی، اوس دوئ 58 هسپتالونه په دیکښې ډی ټائپ، سی ټائپ وغیره، دوئ دا ټول پارټنرشپ ته ورکوی، اوس سریل نمبر 29 باندې کیټیګری ډی هسپتال بډهٔ بیر، اوس د هیلتهٔ ډیپارټمنټ نمائندګان به دلته ناست وی، منسټر صاحب، تاسو د دوئ نه دا تپوس اوکړئ چې د دوئ خو دوه کیسونه اوس هم په هائی کورټ کښې پینډنګ دی، یو کیس دے چې کومه زمکه ئے اغستې وه په خپل دور کښې نو هغې ته Paymentنه دے شوے او کوم Payment چې ډیپارټمنټ کولو نو هغه هغوی ته Acceptableنه وو خو زما په منډو او تړو باندې هغوی دې ته Agreeشو چې یره زمکه هسپتال ته او هیلتهٔ ته ورکړو، اوس د هغوی د Enhancement د پاره هائی کورټ ته تلی دی، یوه خبره دا ده، بله دویمه خبره دا ده چې د هغې اوس هم دا انتقالات لا څه شوی دی او څه نه دی شوی نو که اوس په داسې سټیټس کښې دا هسپتال که تاسو پرائیویټ خلقو ته ورکړئ نو دا به یو لوئے، اول خو تاسو له Scrutiny پکار ده، د خپل ډیپارټمنټ نه رپورټ اوغواړه، د هر یو هسپتال باره کښې چې د دې هسپتال Statusڅه دے، په ګورنمنټ کښې څه Statusدے، په عدالت کښې څه Status دے؟ بل دا به هم ستاسو نوټس کښې به وی چې دا هسپتال ایډمنسټریشن نیولے وو او ایډمنسټریشن ورکښې خپلې دفترې کهلاؤ کړی وی او بیا هغه ما چیلنج کړو، هائی کورټ ته زه لاړم چې دا هسپتال دے، دا د علاج د پاره دے، دا د ایډمنسټریشن د Use د پاره نه دے، تاسو د دې ماته پټواری کښینوئ، تاسو ماته تحصیلدار کښینوئ، تاسو ماته اے سی کښینوئ، دا مریضان به راځی او که دلته به کچری لګی؟ نو په هغې باندې هم هغه کیس مونږ اوچلولو او هغه مونږه Vacateکړو او خالی شو، هغه بلډنګ واپس شو، حالانکه تاسو دغه ناست نمائندګان، دا دواړه نمائندګان ورسره ملاؤ وو او دوئ ورله این او سی ورکړے وه، حالانکه ما چیلنج کړے وه چې دا این او سی خو دوئ ورکړه، Under desk ئے ورکړے وه نو خبره به ستاسو ټهیک وی خو لږ

کتل پکار دی، بله خبره چې زما ورور کومه اوکړه، اخر تاسو به د کوم کوم څیز د ذمه واری نه به ځان دغه کوئ، ایجوکیشن به هم تاسو پرائیویټ کوئ، هیلتھ به هم تاسو کوئ، کارخانې به هم تاسو کوئ نو تاسو به بیا څه کوئ؟ بیا اخر د ګورنمنټ ډیوټی څه ده؟ ګورنمنټ به ټیکسونه به لګوی، ګورنمنټ به انکم ټیکسونه زمونږه نه اخلی، د عوامو خدمت به تاسو نه کوئ، پرائیویټ خلق به کوی؟ او د دې په آئین کښې ئے لیکلی دی د State shall be responsible، آئین دا وائی چې، Mandatory provision دے چې د State shall provide the medical relief، نو اوس خبره دا ده چې په دې باندې Reconsider کړی، اوئے ګوری کښیني، هغه څیز چې کوم کولو د پاره وی نو هغه اوکړئ چې کوم نه کولو د پاره هغه مه کوئ۔ ډیره مهربانی۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ټهیک شو، ستاسو پوائنټ راغلو جی۔ حافظ صاحب، حافظ عصام الدین صاحب، حافظ عصام الدین صاحب، جی۔

<u>حافظ عصام الدین:</u> جناب سپیکر صاحب، جنوبی وزیرستان میں سب سے بڑا جو ہاسپیٹل ہے ڈی ایچ کیو وانا ہاسپیٹل جو پانچ سو Beds ہیں، تقریباً یہ مارچ سے دیا گیا ہے پرائیویٹ پارٹنر شپ پہ اور اس کے لئے تقریباً ڈھائی ارب کی ادائیگی کی ہے، جس نے لیا ہے ٹھیکہ پہ، جبکہ وہاں پر ابھی تک یہ حال ہے کہ میں خود اپنے بیمار لے کر گیا تھا Dental کے پاس، وہ کہہ رہے تھے کہ میرے پاس اوزار نہیں ہیں کہ میں دانت نکال سکوں مریض کا، (مداخلت) جی جی سات آٹھ ماہ ہو چکے ہیں، تو یہ حالات ہیں اور رات کو بھی مجھ سے وہاں کے جو ڈاکٹر رابطہ کر رہے ہیں کہ ایک ایک کمرے میں، کہہ رہے ہیں، دس دس، بارہ بارہ بندوں کو ہم نے رکھا ہے اور برا حال ہے، جیسے ہمیں سٹوڈنٹس کو رکھا جاتا ہے۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ٹھیک ہے۔

<u>حافظ عصام الدین:</u> اور میرا یہ سوال ہے کہ کب تک یعنی یہ چیزیں Complete ہوں گی؟ اور اس کے ساتھ ایک اور سوال ہے چھوٹا سا کہ یہ ہمارا قبائلی علاقہ ہے، انتہائی حساس علاقے ہیں، قبائلیوں کی اپنی روایات ہیں، وہاں پشتو روایات ہیں، وہاں جو لیڈی سٹاف ہوتا ہے لیڈی سٹاف، سب سے پہلے ان کو لانے کے لئے، وہ اگر پشاور سے یا باہر سے آتی ہیں ان کو بھی ایک کمرے میں اسی طرح یا ہاسٹل میں وہاں رکھا جاتا ہے، باقاعدہ یہ لازمی ہو کہ ان کے ساتھ فیملی ہو، ایسے لیڈی سٹاف کو وہاں نہ لایا جائے جس کے ساتھ فیملی

نہ ہو، ورنہ پھر وہ مشکلات ہونگی، ان کے لئے ابھی ابھی تھوڑا وہ کریں، لہذا یہ کب تک یہ چیزیں یقینی ہونگی؟ تاکہ یہ صحیح طریقے سے یہ سہولیات مہیا ہوسکیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی نلوٹھا صاحب The last supplementary, last ہے۔

سردار اورنگزیب: جی میرا ضمنی کوسچن یہ ہے کہ ہسپتالوں کو، جس طرح پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت چلانے کا جو فیصلہ کیا گیا ہے، کیا محکمہ صحت اپنے ہسپتالوں کو چلانے میں ناکام ہو گیا ہے یا اس کی کیا وجہ ہے؟ دوسری بات یہ ہے جناب سپیکر صاحب، میرے ضلع میں کیٹیگری ڈی ہسپتال بوئی اور لورہ وہ بھی اس میں شامل ہیں، تو کیا اس میں عوام کو مشکلات نہیں ہونگی یا جو سرکاری ہسپتالوں میں دوائیاں فری دی جاتی تھیں، کیا وہ اسی طرح برقرار رہیں گی یا فیس جو نہیں دی جاتی تھی، کیا وہ فیس یہ پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت دی جائے گی؟ اس لئے میں نے یہ ضمنی کوسچن کیا ہے کہ میرے ان دو ہسپتالوں کی وجہ سے وہاں پہ لوگ سراپا احتجاج ہیں، اس کی ذرا منسٹر صاحب وضاحت کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ تیمور جھگڑا صاحب۔

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ وصحت): جناب سپیکر، آرٹیکل 38 یہ کہتا ہے کہ The state shall provide health care آرٹیکل 38 یہ نہیں کہتا کہ State shall post the grade 18 officer and provide health care to a grade 18 officer, who shall also draw a pension. (قطع کلامی) جواب دینے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Cross talk نہ کریں، آپ کے سوال کا وہ جواب دے رہے ہیں، آپ سن لیں جی۔

وزیر صحت وخزانہ: تو Concisely جو عنایت خان نے کہا کہ The state shall not charge money, the state shall charge or not charge, whatever it was charging, because it shall remain a public hospital. پہلا جواب۔ دوسرا جواب، Criteria یہ کہ ہم نے ٹوٹل سسٹم کو دیکھا ہے، ایک کمیٹی بنی ہے، سارے Health Professionals کی بنی ہے، ٹوٹل سسٹم کو دیکھا اور Total capacity کو دیکھا کہ ہم Total capacity میں کتنے ہاسپیٹلز اور کتنی Bed capacity جو ہے، وہ ایسے چلانا چاہتے ہیں اور کتنی Capacity سرکاری ڈاکٹرز سے Traditional mode پہ چلانا چاہتے ہیں اور ہماری MTIs کے ساتھ کیا Capacity ہے؟ وہ سارا کچھ دیکھ کر Simple answer یہ ہے کہ GDP کا تقریباً پانچ فیصد ہیلتھ پہ، اور ایجوکیشن پہ Spend ہونا چاہیئے، ہم ڈھائی سے تین فیصد کرتے ہیں تو ہم جتنا بھی زیادہ پیسہ

خرچ کریں، ابھی ہم International standards پہ نہیں ہیں، حالانکہ ہم تین سال میں بجٹ کوئی ستر، اسی ارب سے دو سو ارب تک لے کر گئے، PPHI کیوں Reverse ہوا تھا؟ بلکہ PPHI کے آپ Figures جہاں پہ بھی ابھی دیکھیں، وہ او پی ڈی پشاور میں ابھی Reach ہو رہے ہیں، جب ہم نے بہت زیادہ کام کر دیا، PPHI اس لئے Reverse ہوا، میں اس وقت نہیں تھا عنایت خان گورنمنٹ کا حصہ تھے، ان کو میرے سے بہتر پتہ ہو گا، دو Points of view تھے، ایک Point of view یہ تھا کہ یہ Single source ہوا ہے، یہ ہم Single source continue نہیں کر سکتے۔ دوسرا Point of view یہ تھا کہ اس کے ریزلٹس بڑے اچھے ہیں Continue کرتے ہیں، Single sourcing کی وجہ سے جو ہے وہ یہ Discard ہوا، اس وقت جو مجھے میرے Colleagues نے بتایا ہے، جو شوکت یوسفزئی ہیلتھ منسٹر تھے، انہوں نے کہا میں بھی Favour میں تھا، لیکن Single sourcing مجھے منظور نہیں تھی، اس لئے ساری ہم جو ہے وہ ابھی Competitive process کے تھرو کر رہے ہیں تو یہ سرکاری ہاسپیٹلز رہیں گے، ان میں فیس چارج نہیں ہو گی، PPHI کے Experience سے، وہ ہم نے سیکھا ہے، میں تمام ممبرز کو دعوت دیتا ہوں، جو جو جانا چاہتے ہیں کہ میں ان کو تین چار وہ ہاسپیٹلز دکھاؤں کہ پہلے ان کی کیا حالت تھی اور ابھی کیا حالت ہے اور سول سرونٹس کے ساتھ کیا ہو گا سول سرونٹس کو زیادہ آسانی سے وہ مواقع ملیں گے، جو پہلے وہ نہیں ملتے تھے، کیونکہ زیادہ تر یہ دور دراز علاقوں میں ہیں For example پشاور کے ہاسپیٹلز میں مزید Posts create کر سکتے ہیں، تاکہ یہاں پہ بھی وہ ڈاکٹرز اور زیادہ سٹاف ہو، جہاں پہ جتنی ڈیمانڈ ہو سول سرونٹس کی وہ کر سکتے ہیں تو ان کو بھی آسانی ہو گی اور میرے خیال میں مزید سول سرونٹس کی بھی سسٹم میں گنجائش ہے، تاکہ مزید Young talent آئے، جیسے میں نے کہا ان پوسٹس کا بھی میں نے کہا ہے، Nut shell میں، میں دوبارہ کہتا ہوں یہ سرکاری ہاسپیٹلز ہیں، چاہیئے کہ Public Private Partnership Mode میں چلیں، چاہے یہ کہ گورنمنٹ جو ہے وہ روایاتی Mode پہ چلائیں، ہمارا کام یہ ہے مریض کو بہتر علاج دینا، مریض یہ نہیں دیکھتا کہ ڈاکٹر کی تنخواہ کے ساتھ پنشن لگی ہے اور اس کا گریڈ کیا ہے اور کیا گریڈ نہیں ہے، اس کو چاہیئے علاج، تو اس میں سب کی جو ہے وہ سپورٹ مانگتا ہوں، جو اس میں خامیاں ہو نگی وہ ہم ساتھ ٹھیک کرتے جائیں گے، But ہر ہاسپیٹل کا ریزلٹ دیکھا ہے بہت بہتری آئی ہے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> تھینک یو۔ ابھی آپ زیادہ ٹائم نہ لیں جی۔

جناب عنایت اللہ: سپیکر صاحب، یہ بڑا Important سوال ہے اور میرا خیال ہے کہ جو ہم نے سوالات Put کئے تھے، وہ انہوں نے Properly cover نہیں کئے ہیں۔ سچی بات یہ ہے اور ایک سوال کے اندر تو خود بھی انہوں نے کہا ہے کہ مجھے نہیں پتہ کہ PPHI کو کیوں Reverse کیا گیا ہے؟ شاید Single source کی وجہ کہ وہ Single source out sourcing ہوئی تھی، سچی بات یہ ہے یہ بڑا Important ہے، میں اس کے ایک ایک نکتے پہ دوبارہ ایک لمبی تقریر کر سکتا ہوں لیکن بہتر یہ ہوگا کہ Rule 48 کے تحت اس پہ ڈیبیٹ ہو اور اس ڈیبیٹ کے اندر منسٹر صاحب تیار ہو کر آ جائیں، ہم بھی تیار ہو کر آ جائیں گے، منسٹر صاحب بھی تیار ہو کر آ جائیں اور اس سوال پہ ہم ڈیبیٹ کریں۔ دیکھیں لوگوں کے Interest میں ہو، ہمارے سوالات Cover ہو جائیں تو ہم ایک Public interest کے اندر کسی پالیسی کی مخالفت نہیں کریں گے لیکن اتنے بڑے پیمانے پہ جو آپ Out sourcing کر رہے ہیں، It's a huge thing یہ چھوٹی چیز نہیں ہے، یعنی میں نے ابتداء میں بتا دیا کہ اگر آپ ان یونٹس کو Out source کرنا چاہتے ہیں کہ جو Under utilized ہیں تو اس کی تو تک بنتی ہے، پورے صوبے کو Out source کرنا، یہ Out sourcing کا جو کلچر ہے یہ جو New Liberal Economic Order ہے اس کا وہ ہے، تو اس لئے میں Rule 48 کے تحت آپ کو نوٹس دے دیتا ہوں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ آپ اس کا Written notice جمع کر دیں جی۔

جناب عنات اللہ: جی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: Written notice آپ جمع کر دیں جی۔ جی تیمور جھگڑا صاحب۔

وزیر خزانہ وصحت: پہلے انہوں نے کہا کہ مختصر جواب دیں، پھر کہا کہ جواب مختصر تھا، تو یہ مجھے نہیں پتہ، مجھے یہ Clearly بتایا گیا کہ PPHI کیوں Reverse ہوا؟ اور جتنی انہوں نے ڈیبیٹ کرنی ہے وہ ابھی کر لیں کیونکہ اس پہ۔۔۔۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر، میں نے جو بات کی تھی، وہ۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اس پہ Written notice جمع کر لیں پھر بات کرتے ہیں جی، نوٹس جمع کر دیں۔

وزیر صحت وخزانہ: کیونکہ اس پہ بڑا Clear جو ہے وہ ہم نے تقریباً سال جو ہے، سارا کچھ دیکھا اور اس کے بعد پالیسی لائے، پالیسی کیبنٹ سے Approve کرائی۔ جناب سپیکر، یہ جو سارے ہاسپیٹلز ہیں، کہہ رہے ہیں، Utilization، ان کی Bed occupancy دس پرسنٹ سے کم تھی، ان کی Overall bed

Bed occupancy دس پرسنٹ سے کم تھی، بہت سے ہاسپیٹلز کی ایک پرسنٹ بھی occupancy نہیں تھی، یعنی کہ ہم کہہ رہے ہیں کہ تین چار ہزار Beds میں زیادہ سے زیادہ سو دو سو Beds کسی وقت Occupied ہیں، تو میرے خیال میں یہ ناجائز ہے، ہم نے Third party audit کرایا جو ہمارے ہاسپیٹلز پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ موڈ میں چل رہے تھے، اس آڈٹ کے ریزلٹس Publically available ہیں، میں ان کو رپورٹ دے دیتا ہوں کہ پہلے کتنے ڈاکٹرز تھے بعد میں کتنے ڈاکٹرز تھے، پہلے کیا سروس تھی بعد میں کیا سروس تھی؟ تو میں پہلے سے تیار آیا ہوں، اس پہ جو ہے جناب سپیکر، I am sorry but یہ فیصلہ لیا گیا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ وہ Continue ہو، ڈیبیٹ جتنی وہ کرنا چاہتے ہیں وہ Through process آئیں اور کریں۔

Mr. Deputy Speaker: Question No. 15368, janab Sirajuddin Sahib, Sirajuddin Sahib, Question No. 15519, lapsed. Janab Ahmad Kundi Sahib. Ahmad Kundi Sahib, Question No. 15576, lapsed. Ms. Rehana Ismail Sahiba, Rehana Ismail Sahiba, Question No. 15578, (not present). Janab Ikhtiar Wali Khan Sahib.

* 15578 _ جناب اختیار ولی: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیا گزشتہ دور حکومت سے لے کر اب تک قاضی حسین احمد میڈیکل کمپلیکس نوشہرہ میں مخصوص علاقے / یونین کونسل کے لوگ بھرتی ہوئے ہیں یا پورے ضلع نوشہرہ سے لوگوں کو بھرتی کیا گیا ہے، اس کی وضاحت کی جائے؛

